Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم خداوندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نمبر ۳۶ مطبوعہ روز دوشنبہ بتاریخ ۲۵ ماہ صفر سنہ ۱۳۴۴ھ مطابق ۱۴ ماہ ستمبر سنہ ۱۹۲۵ء جلد ۳۷

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	صفحہ
۱	عطائے رینک لفٹنٹ باسد علی خاں ہیڈ کلرک	۱
۲	نقشہ پنشن و رخصت ملازمان	ضمیمہ
۳	روئداد جلسہ کمیٹی میونسپلٹی	۲
۴	اعلان کتب جدید طبع	//

آرمی آرڈر پیشگاہ ہز ہائنس جناب نواب صاحب بہادر دام اقبالہم وملکہم

عطائے رینک لفٹنٹ

۲۲ اگست سنہ ۱۹۲۵ء

بحوالہ رپورٹ مورخہ ۱۲ اگست سنہ ۱۹۲۵ء کرنل صاحب بہادر کمانڈنٹ بریگیڈ کمانڈنٹ اسد علی خان ہیڈ کلرک آرمی ہیڈ کوارٹر کو آنریری لفٹنٹ کا رینک دیا جاتا ہے۔ احکام حسب ضابطہ جاری ہوں۔

علمی ذخیرہ

اعلیٰحضرت خلد اللہ ملکہ کے حکم سے کتب ذیل تالیف ہو کر طبع ہو گئی ہیں ایسا ذخیرہ مشکل سے ہاتھ آتا ہے۔
اِس نادر موقع سے ضرور فائدہ اٹھائیے۔ خود بھی خرید فرما کر پڑھیے اور احباب کو دکھائیے۔

قول شافی ۔ یہ حدیث کی مشہور کتاب کافی کا اُردو ترجمہ ہے۔ اِسکی عمدگی اِسکے نام سے ظاہر ہے۔ جلد دوم کا پہلا حصہ چھپ چکا ہے۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک صرف ۱۲؍ روپے

التوحید ۔ یہ کتاب جامع حامدی کی جلد اول کا پہلا حصہ ہے۔ اِسمین خداوند عالم کے وجود اُسکی توحید اور صفات سے مفصل بحث کی گئی۔ اِسکی قیمت بھی علاوہ محصول ڈاک ۱۲؍ روپے

خصائص معاویہ ۔ یہ کتاب حصہ چہارم جلد اول جامع حامدی کے ملحقات مین ہے جو دراصل محمد بن عقیل اشعری کی مشہور کتاب نصائح کافیہ کا ترجمہ ہے۔ بعض مطالب کا اِسمین اضافہ کیا گیا ہے۔ قیمت علاوہ محصول ڈاک ۱؍ روپے

جس قدر نسخے مطلوب ہوں درخواست منصرم صاحب کتب خانہ سرکاری کی خدمت میں ارسال فرمائیے۔

ذوالفقار حسین مہتمم تالیفات ریاست رامپور

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

روبکار اجلاس صاحب سکریٹری بہادر پی-ڈبلو-ڈی- وصنعت وحرفت ریاست رامپور

واقع ۱۲ جون سنہ ۱۹۲۵ء

جلسہ جنرل کمیٹی میونسپل بورڈ منعقدہ ۵ جون سنہ ۱۹۲۵ء کی روئداد ملاحظہ ہوئی۔ کاغذات دفعہ ۲ میونسپل افسر صاحب سے قیمت آراضی اور وجہ عدم وصولی قیمت دریافت کی گئی اور متعلق دفعہ فہرست موجودہ انسپکٹران چنگی طلب کی گئی ہے بعد ملاحظہ کاغذات حکم مناسب صادر ہوگا لہذا حسب حکم ہوا کہ جملہ ہر چہار روئداد منسلکہ بغرض اطلاع وکارروائی ضابطہ میونسپل افسر صاحب کی خدمت میں مرسل ہو- اور نقل برائے اندراج گزٹ مطبع سرکاری کو مرسل ہو- محکمہ صیغہ سے تعمیل ہو- فقط

دستخط صاحب سکریٹری بہادر صنعت وحرفت

روئداد جلسہ میونسپل جنرل کمیٹی تصفیہ شدہ منعقدہ ٹاؤن ہال- واقع میونسپل آفس

محررہ ۵ جون سنہ ۱۹۲۵ء

نمبر شمار	امور تصفیہ طلب	[illegible]	[illegible]	اسماء ممبران ملازم سرکار	اسماء ممبران پبلک	نمبر	تجویزات کمیٹی	[illegible]
		مولوی اعجاز حسین صاحب	صاحب میونسپل افسر	۱- صاحبزادہ سید قدر تعلیق بن صاحب بہادر ۲- عزیز الحسن خان صاحب	۱- ساہو شب چند اس صاحب ۲- لالہ رام کشن صاحب ۳- چودہری جانکی پرشاد صاحب ۴- ماسٹر ہرنام سنگھ صاحب ۵- اصغر علیخان صاحب ۶- لالہ موطارام صاحب ۷- عطا اللہ خان صاحب			
۱	عرضی دولہا خان ولد امداد خان ساکن بہاڑی دروازہ بدرخواست تعمیر مکان متصل دروازہ جدید بر آراضی افتادہ					۱	بالاتفاق تجویز ہوئی کہ آراضی افتادہ جسمیں عرضی گزار تعمیر مکان کریگا تحقیقات اہل محلہ ومحکمہ نزول سے ملکیت عرضی گزار ثابت ہے اطلاعنامہ میعادی کیفیت بھی جاری ہوچکا کوئی عذرداری پیش نہیں ہوئی حسب رپورٹ ممبر صاحب سپرنٹنڈنٹ حلقہ برضامندی اہل محلہ اجازت تعمیر مکان برآمدگی دروازہ جدید بابت نذرانہ مبلغ دو روپیہ جاری کر تعمیر اصل بنیاد پر ہونا چاہیے۔	ایضاً
۲	رپورٹ سپرنٹنڈنٹ متعینہ چونگی					۲	بانگی لال کو وقت کہ جنمین انکی فیس داخل نہیں ہوتی تھی انکی	

[illegible]	امور تصفیہ طلب	[illegible]	[illegible]	اسماء ممبران ملازم سرکار	اسماء ممبران پبلک	[illegible]	تجویزات کمیٹی	[illegible]
	بشکایت عدم ادخال فیس تانگہ منے بانکے لال سکنہ پہوٹا محل۔						منجملہ ایک فیس ۳۰ روپئی سنہ حال کو داخل ہوچکی ہے اور دوسرے تانگہ کی فیس کے متعلق شارالیہ عذر کرتا ہے کہ اگر کرایہ پر چلاؤنگا تو فیس داخل کرونگا بالاتفاق تجویز ہوئی کہ بانکے لال سے اقرارنامہ حسب ضابطہ تحریر کرالیا جائے کہ آئندہ بلا ادخال فیس سرکاری تانگہ کرایہ پر نہ چلایا جائے ورنہ علاوہ فیس کے تاوان بھی عاید کیا جائیگا۔ بعد تحریر اقرارنامہ تانگہ گودام سے چھوڑ دیا جائے۔	ایضاً
۳	عرضی مسمیان ملاذن و حافظ بلاقی وغیرہ سکنہ بذریہ خانساماں بابت مدعا نہونے اجازت تعمیر دیوار و گنبد مزار کالو شہید صاحب۔					۳	آج یہہ درخوست کمیٹی مین پیش ہوئی عذرات سائلان تقدول ہین جلسہ سابقہ مین اجازت تعمیر عبدالعزیز کو ہوچکی ہے بالاتفاق تجویز ہوئی اگر عذرداران کو کوئی عذر ہے تو باضابطہ نقل حاصل کرکے اجلاس عالی مین اپیل دائر کرسکتے ہین ذریعہ سپرنڈنٹ حلقہ عذرداران کو اطلاع دیجائے	ایضاً
۴	درخواست محمد سعید خان ولی خان پسر عرضی گزار نسبت تعمیر پشتہ پچھیت مکان۔					۴	تھانہ پیلا تالاب مین ہوکر بڑا نالہ پہاڑی روانہ ہوگیا ہے اس نالہ پر عرضی گزاران کا مکان ہے پچھیت مکان پر پشتہ تعمیر کرنیکی استدعا ہے مولوی اعجاز حسین صاحب ممبر نے اس موقع کو معائنہ فرمالیا ہے۔ نوٹ مفصل شامل ہے نالہ کے دونوں طرف پٹریاں آمد و رفت جوتی ہوئی ہین جس طرف عرضی گزار پشتہ تعمیر کرینگا اس جانب راستہ سات فٹ چھوٹا ہوا ہے اس مین سے ڈیڑھ فٹ آراضی مین پشتہ تعمیر ہوگا اور ساڑھے پانچ فٹ آراضی راستہ کی باقی رہیگی جو آمد و رفت کے لئے کافی ہے اس نالہ پر بجز آمد و رفت پیدل کے کسی سواری وغیرہ کا گزر نہین ہے اور تعمیر پشتہ کی بہرین وجہ اشد ضرورت ہے	

نمبر شمار	امر تصفیہ طلب	[illegible]	[illegible]	اسماء ممبران ملازم سرکار	اسماء ممبران پبلک	[illegible]	تجویزات کمیٹی	[illegible]
							کہ زمانہ برسات مین اِس نالہ مین ہوکر پانی بہت زور سے جاتا ہے بلا پشتہ کے مکان عرضی گزار کے منہدم ہونے کا احتمال ہے بالاتفاق تجویز ہوئی کہ حسب نوٹ مسٹر صاحب ملاحظہ ڈیزنٹ آراضی سرکاری مین پشتہ تعمیر کرنیکی اجازت دی جانے مین کوئی حرج نہین ہے بامید منظوری باجلاس جناب سکریٹری صاحب صنعت وحرفت وتعمیرات پیش ہو۔	
۵	رپورٹ سپرنٹنڈنٹ صاحب جنگلی باستدعاء تعیناتی چار انسپکٹران تعلیم یافتہ وتجربہ کار بنابر سرانجام کارہاے جنگلی۔					۵	صیغہ جنگلی مین چار انسپکٹر شہر وریلوے پر تعینات ہین جن کا پاس یافتہ ہونا تو درکنار ٹھیک پڑھے بھی نہین ہین جنگلی ایک ایسا مالی محکمہ ہے جو نفع نقصان ونیز پبلک کے حقوق جائز اور ناجائز سے تعلق رکھتا ہے قواعد جنگلی مین جو فرائض انسپکٹران تحریر ہین اُن کے نفاذ کیواسطے کافی قابلیت درکار ہے سپرنٹنڈنٹ صاحب جنگلی کو فرائض متعلقہ مندرجہ قانون سے مہلت پانا دشوار ہے پھر ایسی حالت مین وہ تنہا انسپکٹران جنگلی کے فرائض کی ادائیگی بھی کیسے کرسکتے ہین موجودہ انسپکٹران کی تنخواہ مین مختلف ہین بعض تیس روپیہ ماہوار پاتا ہے اور بعض پچیس روپیہ اور بعض اس سے بھی کم تنخواہ پاتا ہے خواہ تنخواہ مین زائد ہوجائین لیکن انسپکٹران جنگلی قابل کم ازکم انٹرنیس کے درجہ تک انگریزی پڑھے ہوے مقرر ہونا چاہیین زائد تنخواہ ہونے کا بار جنگلی پر اسوجہ سے نہین پڑسکتا کہ اُنکی قابلیت کے سبب سے جنگلی مین ناجائز طور پر محصولا مالون کا نکلنا بند ہوجائیگا اور کام عمدہ ہوکر آمدنی مین بیشی ہوگی۔ سپرنٹنڈنٹ صاحب جنگلی کی رپورٹ مین جو وجوہ تحریر ہین وہ صحیح ہین کمیٹی کی راے مین	ایضاً

[illegible]	امور تصفیہ طلب	[illegible]	[illegible]	اسمار ممبران ملازم سرکار	اسمار ممبران پبلک	[illegible]	تجویزات کمیٹی	[illegible]
							یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ انسپکٹران کی شرح تنخواہ فی الحال تیس روپیہ ماہوار مقرر فرما دیجائے اور آیندہ بحیثیت کام اضافہ و الاؤنس ہونیکی متوقع فرمایا جائے اور انگریزی اخبار مین تاریخ معینہ تک اجلاس مین درخواستین موجود ہونے کا اعلان فرمایا جائے میعاد معینہ مین درخواستین موصول ہونے پر اُن مین سے چار انسپکٹران کا انتخاب فرما کر تقرر فرما دیا جائے اور موجودہ انسپکٹران کو محکمہ جات ماتحت مین جگہ مرحمت فرما دیجائے بامید صدور حکم باجلاس جناب سکریٹری صاحب بہادر صنعت و حرفت و تعمیرات پیش ہو۔ تمت	

نقشہ بارش ہفتہ وار ریاست رامپور من ابتداء ۲۶ اگست سنہ ۱۹۲۵ء لغایت یکم ستمبر سنہ ۱۹۲۵ء

تاریخ و دن	صدر عالیہ امروزہ	صدر عالیہ ازجون	تحصیل بلاسپور امروزہ	تحصیل بلاسپور ازجون	تحصیل سوار امروزہ	تحصیل سوار ازجون	تحصیل شاہ آباد امروزہ	تحصیل شاہ آباد ازجون	تحصیل ٹک امروزہ	تحصیل ٹک ازجون	تحصیل ٹانڈہ امروزہ	تحصیل ٹانڈہ ازجون
۲۶ اگست سنہ ۱۹۲۵ء یوم چہارشنبہ	٠	۴۷۶½	٠	۴۸۴	٠	۴۱۲	٠	۴۸۳	٠	۴۷۳	٠	۵۳۸
۲۷ اگست سنہ ۱۹۲۵ء یوم پنجشنبہ	٠	۴۷۶½	٠	۴۸۴	٠	۴۱۲	٠	۴۸۳	٠	۴۷۳	٠	۵۳۸
۲۸ اگست سنہ ۱۹۲۵ء یوم جمعہ	٠	۴۷۶½	٠	۴۸۴	٠	۴۱۲	٠	۴۸۳	٠	۴۷۳	٠	۵۳۸
۲۹ اگست سنہ ۱۹۲۵ء یوم شنبہ	٠	۴۷۶½	۶	۴۹۰	۲	۴۱۴	٠	۴۸۳	٠	۴۷۳	٠	۵۳۸
۳۰ اگست سنہ ۱۹۲۵ء یوم یکشنبہ	۴½	۴۸۱	۳	۴۹۳	٠	۴۱۴	۸	۴۹۱	۱۲	۴۸۵	۴	۵۴۲
۳۱ اگست سنہ ۱۹۲۵ء یوم دوشنبہ	٠	۴۸۱	٠	۴۹۳	۴	۴۱۸	٠	۴۹۱	٠٠	۴۸۵	٠	۵۴۲
یکم ستمبر سنہ ۱۹۲۵ء یوم سہ شنبہ	٠	۴۸۱	نقشہ نہیں آیا	٠	٠	۴۱۸	٠	۴۹۱	٠	۴۸۵	٠	۵۴۲

نقشہ اجناس ریاست رامپور من ابتداء یکم لغایت ۷ ستمبر سنہ ۱۹۲۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ٹک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۰ ۵ سیر	٠	۶ سیر	٠	٠	۱۲ سیر	دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۸ سیر	٠	۸ سیر	٠	٠	۸ سیر	
نخود کسہ امیز	۸ سیر	٠	۹ سیر	٠	٠	۵ سیر	
جو	۱۳ سیر	٠	۹ سیر	٠	٠	۸ سیر	
ماش	۷ سیر	٠	٠	٠	٠	۶ سیر	
مونگ	۶ سیر	٠	٠	٠	٠	۵ سیر	
مکا	نرخ بازار	٠	٠	٠	٠	٠	
جھنجرا	۱۰ سیر	٠	٠	٠	٠	۱۱ سیر	
کوجی	۱۱ سیر	٠	٠	٠	٠	۸ سیر	
عدس	۵ سیر	٠	٠	٠	٠	۵ سیر	
ارہر	۱۰ سیر	٠	٠	٠	٠	۱۰ سیر	
برنج	٠	٠	۴ سیر	٠	٠	۴ سیر	
روغن زرد	۷ چھٹانک	٠	[illegible]	٠	٠	[illegible]	
روغن سیاہ	۱ سیر	٠	۱ سیر	٠	٠	۱ سیر	
روغن تلخ	۱ سیر	٠	٠	٠	٠	۱ سیر	
نمک سانبھر	۱۲ سیر	٠	۱۲ سیر	٠	٠	۱۲ سیر	
نمک لاہوری	۶ سیر	٠	۴ سیر	٠	٠	۶ سیر	
قند سیاہ	۳ سیر	٠	۴ سیر	٠	٠	۴ سیر	
باجرہ	۶ سیر	٠	٠	٠	٠	٠	